Urdu

# بنیادی انسولین کے ساتھ علاج

## علاج کے متعلق مختصراً

ہمارے جسم کو کام کرنے کے لیے مسلسل توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ انسولین ایک قدرتی ہارمون ہے جو خون سے توانائی (شوگر) کو جسم کے خلیوں تک پہنچانے میں مدد کرتا ہے۔ اس طرح خون میں شوگر کم ہو جاتی ہے۔

زیادہ تر لوگوں میں لبلبہ سے انسولین کی تھوڑی مقدار مسلسل خارج ہوتی رہتی ہے، لیکن ذیابیطس ٹائپ 2- کے شکار افراد میں مختلف وجوہات کی بنا پر جسم کی اپنی انسولین کا اثر کم ہوجاتا ہے۔ اس لیے اضافی (مصنوعی طور پر تیار کردہ) بنیادی انسولین شامل کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔

بنیادی انسولین آہستہ آہستہ انسولین (سست رفتاری سے موثر ) جذب ہوتی ہے۔ زیادہ تر بنیادی انسولینیں لگانے کے بعد زیادہ سے زیادہ 6 تا 12گھنٹے کام کرتی ہیں۔ دیگر انسولینیں 24 گھنٹے تک یکساں طور پر کام کرتی ہیں۔

## بنیادی انسولین کیسے لیں

بنیادی انسولین دن میں 1 یا 2 بار ٹیکہ سے لگائی جاتی ہے۔ آپ ٹیکہ لگانے کے طریقہ کے متعلق کتابچہ 'انسولین اور GLP-1 کیسے لیں' میں مزید دیکھ سکتے ہیں۔ www.sdcc.dk پر عنوان تلاش کریں۔ اگر ضروری ہو تو آپ اپنی کمیون سے گھرمیں نرسنگ کی سروس سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

بنیادی انسولین اکثر دوسری دوائیوں کے ساتھ ملا کر لی جاتی ہے جو آپ کے خون میں شوگر کو کم کرتی ہیں۔

**بنیادی انسولین نہ لیں**: عام اصول کے طور پر، آپ کو ہمیشہ اپنی بنیادی انسولین لینی چاہیے۔ لیکن خاص حالات میں جیسے معائنے یا آپریشن جہاں آپ کو خالی پیٹ ہونا ضروری ہے، وہاں وقفہ لینا ضروری ہو سکتا ہے۔ آپ کو پہلے اپنے معالج سے طےکیے بغیر وقفہ نہیں لینا چاہیے۔

بیماری کی صورت میں آپ کو اپنے خون میں شوگر کی پیمائش کرنی چاہیے۔ اگر آپ کے خون میں شوگر اگلے صفحے کے اوپری حصے میں دی گئی مقدار سے زیادہ یا کم ہے، تو آپ کو (SDCC) ایس ڈی سی سی سے رابطہ کرنا چاہیے۔

| | |
|---|---|
| تاریخ: | |
| دواء کا نام: | |
| خوراک: | |
| خون میں شوگر کی بلند ترین حد: | |
| خون میں شوگر کی کم ترین حد: | |
| خون میں شوگر کی پیمائش: | |

## ممکنہ ذیلی اثرات

انسولین کے ساتھ علاج آپ کے خون میں  شوگر نیچی ہوجانے  کا خطرہ بڑھاتا ہے۔ آپ پمفلٹ ‘خون میں نیچی شوگر ( ہائپو گلیسیمیا) ’ میں پڑھ سکتے ہیں۔ www.sdcc.dk  پر جا کر عنوان تلاش کریں۔

شاذ و نادر صورتوں میں، انسولین کے ٹیکےجلد کے رد عمل کا سبب بن سکتے ہیں  جو کہ خراشوں کی شکل میں ہوتے ہیں۔ اگر آپ  کو اس کا تجربہ  ہوتا ہے تو SDCC سے رابطہ کریں۔

## امدادی اشیاء  کے لیے چھوٹ

جب آپ انسولین کے ساتھ علاج شروع کرتے ہیں ، تو آپ کے ٹیسٹ مواد  کی چھوٹ میں تبدیلی لائی جاتی  ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی ضرورت کے مطابق خون میں  شوگر  ناپنے کی تمام  سٹرپس حاصل کر سکتے ہیں، نیز  انسولین لگانے کے   ٹیکہ کی سوئیاں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن  08.00 تا 16.00 بجے  ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730